# باب 9
# بدلتے خاندان

4410CH09


© NCERT not to be republished


یہاں کچھ خاندانوں کی تصویریں دی گئی ہیں۔ یہ خاندان نمّی، سیرنگ اور نازلی کے ہیں۔ آیئے ان تصویروں پر نظر ڈالیں، جو کچھ ہم دیکھیں اس پر بات چیت کریں اور تبادلۂ خیال کریں۔


## ایک نئی آمد!

نمّی کے خاندان میں زبردست گہما گہمی ہے۔ اس کی نئی ننھی منّی بہن آئی ہے۔









## تصویروں کو دیکھو اور لکھو۔

- اس کی ننھی منّی بہن کی آمد سے پہلے نمّی کے خاندان میں کون کون لوگ تھے؟

- اب نمّی کے خاندان میں کتنے لوگ ہیں؟

## آئیے گفتگو کریں:

- آپ کیا سوچتے ہیں نمی کے افرادِ خانہ کی زندگی میں نئی بچی کی آمد سے کیا تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں؟ مثلاً۔
  - اب نمی اپنا دن کیسے گذارے گی؟
  - اب اس کی والدہ کیا نیا کام کریں گی؟
  - نئی بچی کی آمد کے ساتھ اب نمّی کے والد، دادی اور چچا کے روزمرہ کاموں میں کچھ تبدیلی آجائے گی۔

کیا تم بتا سکتے ہو کیسے؟

**استاد کے لیے:** ہر ایک بچے کو اپنے تجربات بیان کرنے کا موقع دیں۔

© NCERT not to be republished

- کیا آپ کے گھر یا آس پڑوس میں کوئی ننھی بہن یا بھائی پیدا ہوا ہے؟
  - گھر میں ایک نومولود بچے کی موجودگی سے کیا محسوس ہوتا ہے؟
  - نومولود بچے کی وجہ سے گھر میں کیا کیا تبدیلیاں رونما ہوئیں؟
- اپنے گھر یا اپنے کسی رشتے دار کے گھر میں سب سے چھوٹے بچے کے بارے میں معلومات حاصل کرو۔ پھر لکھو۔
  - چھوٹا بچہ کب پیدا ہوا تھا؟
  - بچہ لڑکا ہے یا لڑکی؟
  - تمھارا اس کے ساتھ کیا رشتہ ہے؟
  - بچے کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟
  - بچے کی شکل کس سے مشابہ ہے؟
  - اس کے بالوں کا رنگ کیسا ہے؟
  - اس کی آنکھوں کا رنگ کیسا ہے؟
  - کیا ننھے بچے کو کوئی دانت ہے؟
  - بچے کی لمبائی کیا ہے؟

© NCERT not to be republished

- ایک دن میں بچہ کتنے گھنٹے تک سوتا ہے؟

- بچہ کیسی آوازیں نکالتا ہے؟

- زیادہ تر بچہ کس کے پاس رہتا ہے؟

- بچے کی ایک تصویر اپنی کاپی میں لگاؤ یا اپنی کاپی میں اس کی تصویر بناؤ۔

## نئی جگہ:

سیرنگ کے والد کو دفتر سے ایک خط موصول ہوا۔ خط سے معلوم ہوا کہ ان کی ترقی ہوئی ہے اور ان کو ایک نئے شہر کی جانب روانہ ہونا ہوگا۔



جب سیرنگ کے والد نے خط اپنے گھر والوں کو دکھایا تو تمھیں کیا لگتا ہے مختلف لوگوں نے کیسا محسوس کیا ہوگا؟

© NCERT not to be republished






- سیرنگ کے والد کے تبادلے کے بعد اس کے خاندان میں کیا کیا تبدیلیاں ہوں گی — مثلاً —
  - سیرنگ کے خاندان والوں میں سے کون اس کے والد کے ساتھ نئی جگہ پر رہے گا۔ سیرنگ کس اسکول میں جائے گا؟ کیا اس کے نئے دوست بنیں گے؟
  - کیا تمھارے خاندان میں کوئی کام کی وجہ سے نئے مقام پر منتقل ہوا ہے؟
  - تم اس تبدیلی کے متعلق کیا سوچتے ہو؟
- کیا تمھارے کلاس یا اسکول میں ایسا کوئی ہے جو کسی دوسری جگہ سے آیا ہو؟ اگر ایسا ہے تو اس سے بات کرو۔
  - وہ کہاں سے آیا یا آئی ہے؟
  - اس کا پرانا اسکول کیسا تھا؟
  - اس کو یہاں کیا مختلف لگ رہا ہے؟
  - کیا اس کو تبدیلی پسند آ رہی ہے؟

© NCERT not to be republished

## یہ ایک شادی ہے!

نازلی کے گھر میں آج بہت بڑی خوشی ہے۔اس کے بڑے چچازاد بھائی کی آج شادی ہے۔



## آؤ گفتگو کریں۔

کیا تم سوچتے ہو کہ نازلی کے خاندان میں اس شادی کے بعد کچھ تبدیلی آئے گی؟ کیا تبدیلی آئے گی؟

تم کیا سوچتے ہو نئی دلہن جہاں سے آئی ہے اس گھر میں کچھ تبدیلیاں آئی ہوں گی؟ کس قسم کی تبدیلیاں آئی ہوں گی؟

- اپنی والدہ، چچی اور تائی سے دریافت کرو کہ وہ شادی سے قبل کہاں رہتی تھیں؟
- ان کے خاندان میں اس وقت کون کون افراد تھے؟
- کیا تمھارے خاندان میں حال میں ہی کسی کی شادی ہوئی ہے؟ وہ کون ہے؟

- اپنے ہم جماعت ساتھیوں سے بات کرو اور لکھو کہ شادی کے دوران ان کے خاندانوں میں کیا کیا ہوتا ہے۔

- کس قسم کا خاص کھانا پکایا جاتا ہے؟
- دولہا اور دلہن کس طرح کا مخصوص لباس پہنتے ہیں؟
- شادیوں کے موقع پر کس قسم کے ناچ گانے ہوتے ہیں۔

تم نے جس شادی میں شرکت کی اس میں کیا دیکھا؟ اپنی کاپی میں کچھ تصویریں بناؤ۔ پھر اپنے ہم جماعت ساتھیوں کی بنائی ہوئی تصویروں کو دیکھو۔

ہم نے دیکھا کہ نمّی، سیرنگ اور نازلی کے خاندانوں میں مختلف وجوہات کی بنا پر تبدیلیاں ہوئیں۔ ان تبدیلیوں کی وجوہات کے بارے میں لکھو۔

- نمی کے خاندان میں ــــ

- سیرنگ کے خاندان میں ــــ

© NCERT not to be republished

- نازلی کے خاندان میں

- خاندانوں میں تبدیلیاں رونما ہونے کی بہت سی وجوہات ہوتی ہیں؟ کیا تم کچھ اور وجوہات کے بارے میں سوچ سکتے ہو؟

- تین بزرگ لوگوں سے گفتگو کرو۔ ایک اپنے خاندان سے، ایک تمھارے دوست کے خاندان سے اور ایک تمھارے پڑوس کے خاندان سے۔ ان سے یہ سوالات کرو اور خانوں کو پُر کرو۔

| سوال | تمھارا خاندان | دوست کا خاندان | پڑوسی کا خاندان |
|---|---|---|---|
| • تمھارا خاندان یہاں کتنے برسوں سے رہ رہا ہے؟ | | | |
| • یہاں آنے سے قبل تمھارا خاندان کہاں رہتا تھا؟ | | | |
| • آج تمھارے خاندان میں کل کتنے افراد ہیں؟ | | | |
| • آج سے دس سال قبل تمھارے خاندان میں کتنے افراد تھے؟ | | | |

**استاد کے لیے:** تبدیلیاں زندگی کا حصہ ہیں۔ بہر حال بچے تبدیلیوں سے بہت زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ اس موضوع پر بات چیت کے دوران حساس ہو کر گفتگو کریں۔



© NCERT not to be republished

2019-20

| | | | |
|---|---|---|---|
| • آپ کے خاندان میں گذشتہ دس برسوں میں جو تبدیلیاں آئی ہیں، ان کی کیا وجوہات ہیں؟<br>• آپ ان تمام تبدیلیوں کے بارے میں کیسا محسوس کرتے ہیں؟ | | | |

## میرا خاندان——کل، آج اور کل

تمام خاندانوں میں کسی نہ کسی طور سے مختلف وجوہات کی بنا پر تبدیلیاں آتی ہیں۔ کیا تمھارا خاندان بھی تبدیل ہوا ہے؟

جب تمھارے دادا، دادی تمھاری طرح بچے تھے تو کیا تمہارا خاندان ایسا ہی تھا جیسا اب ہے؟

کیا تمھیں یاد ہے کہ سیتما کے شجرۂ نسب کی تصویر ہم نے تیسری کلاس کی کتاب میں دیکھی تھی؟

- تم نے بھی اپنے خاندان کا شجرۂ نسب بنایا تھا۔ چلو ایک بار پھر ہم گذشتہ سال والے شجرۂ نسب کی تصویر اپنی کاپی میں بناتے ہیں۔
- اپنے دادا یا دادی سے دریافت کرو کہ جب وہ تمھاری عمر کے تھے تو ان کے خاندان میں کتنے افراد تھے؟ پھر تم اپنی کاپی میں ان کے خاندان کے شجرۂ نسب کی تصویر بناؤ۔
- کیا تم اپنے آپ کو، اپنے بھائی یا بہن کو، اپنی ماں یا باپ کو اس شجرۂ نسب میں کہیں دیکھ سکتے ہو؟
- اب اپنی کاپی میں اپنے موجودہ خاندان کے شجرۂ نسب کی تصویر بناؤ۔

کیا تم اپنے آپ کو اس شجرۂ نسب میں کہیں دیکھ سکتے ہو؟ آج کل تمھارے خاندان میں کون کون سے افراد ہیں؟ تمھارے دادا، دادی اور نانا – نانی کہاں ہیں؟



© NCERT not to be republished

## آؤ گفتگو کریں۔

کیا تم بتا سکتے ہو تمھاری دادی اور دادا کے بچپن کا شجرۂ نسب تمھارے آج کے خاندان کے شجرۂ نسب سے کس طرح سے مختلف ہے؟

## اسکول کو واپسی

- تم کس جماعت تک پڑھائی کرنا چاہتے ہو؟
- تمھارے والدین نے کس جماعت تک تعلیم حاصل کی ہے؟
- تمھاری دادی کو کس جماعت تک تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملا؟
- تمھاری دادی کی شادی کس عمر میں ہوئی تھی؟
- کیا تم نے اس قانون کے بارے میں سنا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کس عمر تک لڑکیوں اور لڑکوں کی شادی نہیں ہونی چاہیے؟

ہاں، بہت ساری لڑکیاں ایسی ہیں جن کی شادی 18 سال سے پہلے کردی جاتی ہے۔ بہتوں کو تو اسکول تک چھوڑنا پڑتا ہے۔ رنگاریڈی ضلع کی سشیلا جیسی لڑکیوں کی بہت ساری حقیقی کہانیاں ہیں، جو دوبارہ اسکول واپس جارہی ہیں۔ اسے پنچایت کی بھی مدد ملی۔ پنچایت نے کہا کہ چھوٹے بچوں کو کھیلنا کودنا اور پڑھنا چاہیے نہ کہ ان کی شادی کردینی چاہیے۔ لوگوں کے گروپ نے آندھراپردیش میں خاص طور پر شادی شدہ لڑکیوں کو دوبارہ اسکول بھجوانے کے لیے کیمپ لگائے ہیں۔ جنگمّا اور چنّی کہتی ہیں ''ہم تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اپنے پیروں پر خود کھڑے ہونا چاہتے ہیں۔



© NCERT not to be republished

## معلوم کرو اور لکھو۔

- کیا تمھارے آس پڑوس میں کچھ ایسے بچے ہیں جن کو اسکول چھوڑنا پڑا ہو۔ کیا وہ اسکول واپس جانا چاہتے ہیں؟

- آج کل وہ کیا کر رہے ہیں؟

- کیا تمھارے خاندان میں حال ہی میں کسی کی شادی ہوئی ہے؟ کس کی؟

- دلہن اور دولہا کی کیا عمر تھی؟

- انھوں نے کس طرح کے لباس پہن رکھے تھے؟

دلہن

دولہا

- کس طرح کے کھانے پکائے گئے تھے؟ ان کے نام لکھیے۔

**استاد کے لیے:** بچوں کی پڑھائی درمیان میں چھوٹنے اور کم سنی کی شادی کے متعلق قانون ہے جس کے مطابق لڑکیوں کے لیے شادی کی عمر کم سے کم 18 سال اور لڑکوں کے لیے 21 سال ہونا ضروری ہے، اس پر استاد بچوں سے تبادلۂ خیال کر سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished